242

آیات نمبر 10 تا 23 میں آسمان اور زمین میں اللہ کی نشانیوں اور اس کی عطا کی ہوئی نعمتوں کا ذکر کہ یہ سب کچھ اللہ ہی نے پیدا کیا ہے۔ کفار کے یہ جھوٹے معبود جو کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے اللہ کے برابر نہیں ہو سکتے، تم اللہ کی نعمتوں کو شمار نہیں کر سکتے۔ اللہ ہر چیز کو جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم چھپاتے ہو، وہ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّ مِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ
تُسِيْمُوْنَ ۝۱۰ وہ اللہ ہی ہے جس نے آسمان سے تمہارے لئے پانی نازل کیا، اس میں
سے کچھ تمہارے پینے کے کام آتا ہے اور اسی پانی سے نباتات اور درخت اگتے ہیں
جن میں تم اپنے جانوروں کو چراتے ہو يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَ الزَّيْتُوْنَ وَ
النَّخِيْلَ وَ الْاَعْنَابَ وَ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ اس پانی سے وہ تمہارے لئے ہر
طرح کی کھیتیاں بھی اگاتا ہے اور زیتون، کھجور، انگور اور ہر طرح کے پھل بھی پیدا
کرتا ہے اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۱۱ یقیناً اس میں ان لوگوں کے
لئے بڑی نشانیاں ہیں جو غور و فکر سے کام لیتے ہیں وَ سَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ ۙ
وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ ۭ اور اُس ہی نے تمہارے فائدہ کے لئے رات اور دن بنائے
اور سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا ہے وَ النُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اور اُس
ہی کے حکم سے ستارے بھی کام میں لگے ہوئے ہیں اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ
يَّعْقِلُوْنَ ۝۱۲ۙ بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں جو عقل سے کام
لیتے ہیں وَ مَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ۭ اسی طرح اُس نے

تمہارے فائدہ کے لئے زمین میں مختلف رنگ وروپ کی چیزیں پیدا کیں ہیں اِنَّ فِيْ
ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ بلاشبہ اس میں نصیحت قبول کرنے والوں کے
لئے بڑی نشانیاں ہیں وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّ
تَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وہ اللہ ہی ہے جس نے سمندر سے فائدہ
اٹھانا تمہارے لئے ممکن بنایا تاکہ تم اس میں سے تازہ گوشت لے کر کھاؤ اور اس میں
سے زینت کی وہ چیزیں نکالو جنہیں تم پہنتے ہو وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَ
لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۴﴾ تم دیکھتے ہو کہ کشتی سمندر کا سینہ
چیرتی ہوئی چلتی ہے یہ سب کچھ اس لیے ہے کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو اور اس
کے شکر گزار بنو وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّ
سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ اور اس نے زمین میں بھاری پہاڑ رکھ دیئے تاکہ وہ
تمہیں لے کر لرزنے نہ لگے اور اس ہی نے دریا اور راستے بنائے تاکہ تم منزل مقصود
تک پہنچ سکو وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ اور راستوں میں نشانات
بنادیئے اور لوگ ستاروں سے بھی راستہ معلوم کرتے ہیں اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا
يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾ وہ اللہ جو اتنا کچھ پیدا کر سکتا ہے کیا ان معبودوں کے
برابر ہو سکتا ہے جو کچھ بھی پیدا نہیں کرسکتے، تو پھر تم غور کیوں نہیں کرتے؟ وَاِنْ
تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾ اور اگر تم اللہ کی
نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو گن نہ سکو، بیشک اللہ بہت بخشنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا

ہے وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَ مَا تُعْلِنُوْنَ ﴿١٩﴾ اللہ ہر چیز کو جانتا ہے جو کچھ تم
چھپاتے ہو اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو وَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا
يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّ هُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿٢٠﴾ اور یہ کفار اللہ کے سوا جن ہستیوں کو
پکارتے ہیں وہ کسی بھی چیز کو پیدا نہیں کر سکتے، بلکہ انہیں تو خود کسی اور نے پیدا کیا ہے
اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَ مَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٢١﴾ وہ مردہ ہیں زندہ
نہیں، انہیں تو یہ بھی معلوم نہیں کہ دوبارہ زندہ کر کے کب اٹھائے جائیں گے؟
رکوع [٢] اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ
مُّنْكِرَةٌ وَّ هُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٢٢﴾ تمہارا معبود تو ایک ہی معبود ہے، پھر جو لوگ ان
تمام دلائل کے باوجود بھی آخرت کی زندگی پر ایمان نہیں لاتے، ان کے دل انکار
میں ڈوبے ہوئے ہیں اور وہ بڑے سرکش و متکبّر ہیں لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا
يُسِرُّوْنَ وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ؕ یہ حقیقت ہے کہ وہ لوگ جو کچھ چھپاتے ہیں اور جو کچھ
ظاہر کرتے ہیں، اللہ اس سب کو جانتا ہے اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿٢٣﴾
بلاشبہ اللہ سرکشی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

[# 242]

Verses 10 to 23 describe the signs of Allah in the heavens and the earth and the blessings bestowed by Him, emphasizing that all of this is created by Allah alone. These false gods of the infidels who cannot create anything cannot be equal to Allah. You cannot enumerate the blessings of Allah. He knows all that you reveal and all that you conceal, and He does not like the arrogant.

هُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّکُمۡ مِّنۡہُ شَرَابٌ وَّ مِنۡہُ شَجَرٌ فِیۡہِ تُسِیۡمُوۡنَ ﴿۱۰﴾

He is the One, who sends down water from the sky for you. From it comes your drinking water, and from it grows the vegetation [and plants] in which you pasture [your animals.]

يُنۢبِتُ لَكُمۡ بِهِ الزَّرۡعَ وَ الزَّيۡتُوۡنَ وَ النَّخِيۡلَ وَ الۡاَعۡنَابَ وَ مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ

With this water, He causes to grow for you various crops, olives, date palms, grapevines, and all kinds of fruits.

اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۱۱﴾

Indeed, in this there are great signs for a people, who ponder [on the diversity of creation and the Oneness of the Creator].

وَ سَخَّرَ لَكُمُ الَّيۡلَ وَ النَّهَارَ ۙ وَ الشَّمۡسَ وَ الۡقَمَرَ ؕ

And He has made the alternation of the night and the day for your benefit and [similarly] Sun and the moon [are also working for your benefit].

وَ النُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖؕ

And all the stars too, are subservient by His command.

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَۙ۝۱۲

Indeed, in this there are great signs for a people, who understand.

وَ مَا ذَرَاَ لَكُمْ فِی الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗؕ

Similarly, He has created diverse things of various colors and forms on the earth, [for your benefit.]

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّذَّكَّرُوْنَ۝۱۳

Indeed, in this there are great signs for a people, who accept advice.

وَ هُوَ الَّذِیْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِیًّا وَّ
تَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْیَةً تَلْبَسُوْنَهَا

He is the One, [who made it possible for you] to get benefit from the sea. such that you eat fresh meat from it and extract ornaments to wear.

وَ تَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِیْهِ وَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ لَعَلَّكُمْ
تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۴﴾

You see the ships cleaving their way through the sea. So that you may seek the bounty [of your Lord] and be grateful to Him.

وَ اَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَ اَنْهٰرًا وَّ سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥﴾

And He placed firm mountains [as anchors] on the earth, so that it would not shake with you, and He made rivers and pathways so that you may be guided [and reach your destination.]

وَ عَلٰمٰتٍ ؕ وَ بِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿١٦﴾

And He [created] landmarks in the paths [for your guidance in daytime], and people also navigate by the stars [during night].

اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٧﴾

Is He, who has created all this, be equal to [those idols] who can create nothing? So why do you not accept advice?

وَ اِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾

And if you try to count the blessings of Allah, you will not be able to enumerate them. Indeed, Allah is all-forgiving and ever merciful.

وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَ مَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾

And Allah knows everything that you conceal and everything that you reveal.

وَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّ هُمْ
يُخْلَقُوْنَ ﴿۲۰﴾ؕ

And those [idols] whom they invoke besides Allah, cannot create anything; rather, they themselves are created.

اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَ مَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٢١﴾

رکوع [۲]

They are dead, not alive, and they do not even know when they will be raised up [in the Hereafter].

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٢٢﴾

Your God is only one God. Yet those who do not believe in the life of the Hereafter, [despite all these signs], they have hearts that are in denial, for they are very arrogant.

لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ؕ

Without a doubt, Allah knows all that they conceal and all that they reveal.

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

Certainly, Allah does not like those who are arrogant.